PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

بی او جی کا55واں اجلاس ختم ہوگیا

لاہور، 30 اگست 2019ء :

پاکستان کرکٹ بورڈ کے بورڈ آف گورنرز کا 55واں اجلاس جمعہ کو نیشنل کرکٹ اکیڈمی لاہور میں ہوا۔ اجلاس میں کیے گئے فیصلوں کی تفصیل مندرجہ ذیل ہے ۔

نومینیشن کمیٹی:

پی سی بی آئین 2019 کی شق 39 پر عملدرآمد کرتے ہوئے بی اوجی نے 4 رکنی نومینیشن کمیٹی قائم کردی ہے۔

اسد علی خان کو کمیٹی کا سربراہ مقرر کیا گیا ہے۔ شاہ ریز عبداللہ کمیٹی کے رکن ہوں گے۔ بختیار خواجہ بطور آزاد رکن کمیٹی میں شامل ہیں۔ پی سی بی کے سینئر لیگل کونسل بیرسٹر سلمان نصیر کمیٹی کے سیکرٹری مقرر کیے گئے ہیں۔

کمیٹی بورڈ آف گورنرز کے لیے 4آزاد ڈائریکٹرز کے علاوہ الیکشن کمشنر، ڈپٹی الیکشن کمشنر اور ایڈجوڈیکٹرز کے نام تجویز کرے گی۔کمیٹی مجوزہ تمام نام بی اوجی کو پیش کرے گی۔

پاکستان کرکٹ بورڈ کی تاریخ میں پہلی بار ہوگا کہ 4 آزاد ڈائریکٹرز میں 1 خاتون شامل ہوگی۔

بی او جی نے نومینیشن کمیٹی کے لیے ٹی او آرز بھی طے کرلیے ہیں۔ کمیٹی کے اہم ٹی او آرز مندرجہ ذیل ہیں:

- پی سی بی کے آئین کے تناظر میں اسٹرکچر ترتیب دینے کے لیے مہارت، علم ،تجربے اوربورڈ میں جداگانہ سوچ کو ملحوظ خاطر رکھنا۔
- علم، تجربے، مہارت اوربورڈ میں جداگانہ سوچ کا جائزہ لے کر اہلیت کا معیار ترتیب دینا۔
- بی او جی کی منظوری سے خالی آسامیوں کے لیے افراد کی شناخت، انٹرویوز اور

انتخاب کرنا۔

- چیئرمین کی مشاورت سے بورڈ اراکین کےلیے درکار وقت کا سالانہ جائزہ لینا۔

کرکٹ ایسوسی ایشن اور ڈومیسٹک کرکٹ اسٹرکچر:

اجلاس میں تمام کرکٹ ایسوسی ایشن کی مجوزہ ترتیب اور ڈومیسٹک سیزن 20-2019 پیش کیا گیا۔ بورڈ نے مجوزہ اور نظر ثانی اسٹرکچر کو متفقہ طور پر منظور کرلیا ہے۔ڈومیسٹک سیزن 20-2019 کی تقریب رونمائی ہفتہ کے روز کی جائے گی۔

دیگر امور:

بی او جی نے مالی سال 20-2019 کے لیے پی سی بی سنٹرل بجٹ سمیت آڈٹ کمیٹی کی متعدد سفارشات کی منظوری دے دی ہے۔

پاکستان کرکٹ بورڈ کے چیف ایگزیکٹو نے بی او جی کو کرکٹ کمیٹی کے گذشتہ اجلاس سے متعلق بریفنگ دی۔ کرکٹ کمیٹی کا اجلاس 2 اگست کو ہوا تھا۔ جس میں آئی سی سی کرکٹ ورلڈکپ 2019 سمیت پاکستان کرکٹ ٹیم کی گذشتہ 3 سالہ کارکردگی کا جائزہ لیا گیا۔وسیم خان نے بی او جی اراکین کو قومی کرکٹ ٹیم کی ٹیم منیجمنٹ کے انتخاب کے لیے جاری عمل پر بھی اعتماد میں لیا۔

اجلاس میں اراکین نے پاکستان کرکٹ بورڈ کی انٹرنیشنل کرکٹ کی مکمل بحالی کی کاوشوں کو سراہا۔ بی او جی اراکین نے بورڈ کو سری لنکا کے خلاف ایک روزہ اور ٹی ٹونٹی سیریز کے لیے بہترین انتظامات کرنے کی ہدایت کی ۔

بورڈ آف گورنرز کو کرکٹ آسٹریلیا کے اعلیٰ وفد کی آمد کے بارے میں بھی اعتماد میں لیا گیا۔ بورڈ کوبتایا گیا کہ کرکٹ آسٹریلیا کے چیئرمین ایرل ایڈنگز اور چیف ایگزیکٹو کیون روبرٹس 16 سے 18 ستمبر تک پاکستان کا دورہ کریں گے جبکہ انگلینڈ اینڈ ویلز کرکٹ بورڈ کے چیف ایگزیکٹو اور ایک ڈائریکٹر اکتوبر میں پاکستان کا دورہ کریں گے۔

بورڈ آف گورنرز نے پی سی بی کے چیئرمین ، چیف ایگزیکٹو، چیف آپریٹنگ آفیسر اور چیف فنانشل آفیسر کے اختیارات سے متعلق آئین میں تبدیلیوں کی منظوری دے دی ہے۔

بی او جی نے ایجنٹس کی رجسٹریشن کے لیے قواعد و ضوابط کی منظوری دے دی ہے۔

بی او جی میں شامل اراکین:

احسان مانی، چیئرمین پی سی بی
وسیم خان، چیف ایگزیکٹو پی سی بی
اسد علی خان، رکن
لیفٹیننٹ جنرل ریٹائرڈ مزمل حسین، رکن
کبیر احمد خان، رکن
عمران فاروقی، رکن
محمد ایاز بٹ، رکن
شاہ ریز عبداللہ خان، رکن
شاہ دوست، رکن
اکبر درانی، غیرفعال رکن

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan. Its goal is to work in partnership with its stakeholders to promote, develop and grow the game throughout the country.

The PCB's purpose is to maintain and enhance the reputation and integrity of the game, fostering excellence and upholding the spirit of the game. The PCB selects junior and senior national men's and women's cricket teams to represent the country on the global stage, runs high performance cricket centres across the country and plans and organises domestic competitions and international bi-lateral series.

The PCB is committed to developing ground and facility infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.